## ڈی سینٹرلائزیشن کئے بغیراور عوام کو نچلی سطح پر خودمختار بنائے بغیر ترقی کا سفر جاری نہیں رہ سکتا۔سید مصطفیٰ کمال

## کراچی کی ترقی پوری دنیا کیلئے ایک رول ماڈل ہے،اگر نیک نیتی اور کمٹمنٹ ہوتو نامساعد حالات میں بھی شہروں اور ملک کو ترقی دی جاسکتی ہے

## فیوڈل سسٹم ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے،ترقی کیلئے فیوڈل سسٹم کا خاتمہ اور مڈل کلاس آگے آنا ضروری ہے

## سابق سٹی ناظم کراچی واشنگٹن میں ورلڈ بینک کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خطاب

## ورلڈ بینک کی مینیجر جولیا بکنل،ورلڈ بینک کے ڈائریکٹر کنگ ڈم اور ورلڈ بینک کی ڈائریکٹر برائے مشرق وسطیٰ محترمہ شمشاد اختر کی جانب سے سابق سٹی ناظم کے کام کی تعریف

واشنگٹن۔۔۔6 مئی 2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ڈی سینٹرلائزیشن کئے بغیراور عوام کو شہروں اور نچلی سطح پر خودمختار بنائے بغیر ترقی کا سفر جاری نہیں رہ سکتا۔انہوں نے یہ بات واشنگٹن میں ورلڈ بینک کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ استقبالیہ میں ورلڈ بینک کی مینیجر ETWWA جولیا بکنل (Julia Bucknal )، ورلڈ بینک کے ڈائریکٹر کنگ ڈم (Mr. Kingdom ) ورلڈ بینک کی ڈائریکٹر برائے مشرق وسطیٰ اوراسٹیٹ بینک آف پاکستان کی سابق گورنر محترمہ شمشاد اختر ،ایشیائی ممالک میں ورلڈ بینک کے مختلف مشن کے ڈائریکٹرز اور کئی اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔مصطفیٰ کمال نے اپنے خطاب میں اربن ڈیولپمنٹ سسٹم،ترقی میں عوام کی شرکت کی اہمیت اور ترقی کیلئے ایم کیوایم کے وژن کے بارے میں اظہار خیال کیا۔انہوں نے کراچی کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اپنے دور میں ہونے والے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کراچی دنیا کا سب سے بڑا مسلم شہر ہے جووسط ایشیاء کا گیٹ وے ہے۔کراچی آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا شہر ہے لیکن قیام پاکستان کے بعد سے اب تک اس کا کوئی ماسٹر پلان نہیں تھا،ہم نے 2005ء میں کراچی سٹی گورنمنٹ کا نظام سنبھالنے کے دوسال بعد پہلی مرتبہ شہر کا ماسٹر پلان بنایا،شہر کے انفرااسٹرکچر کی تعمیر کی اور منظّم انداز میں شہر میں ترقیاتی منصوبے شروع کئے۔ہم نے شہر میں ٹریفک جام کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے فلائی اوور اور انڈر پاسز پر مشتمل سگنل فری کوریڈور کے تین بڑے منصوبے مکمل کئے جبکہ چوتھا منصوبہ زیر تکمیل ہے۔2005ء سے قبل شہر کا 45 فیصد حصہ پانی سے محروم تھا،ہم نے پانی کا مسئلہ حل کیا اور بابا آئی لینڈ، بھٹ آئی لینڈ،صالح آباد اور شمس پیر جیسے جزائر جو 300 سال سے پانی سے محروم تھے وہاں پانی پہنچایا اور وہاں سڑکیں تعمیر کیں،سیوریج اور پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنایا،سوشل سیکٹر پر خصوصی توجہ دی۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی میگا سٹی کیلئے ماس ٹرانزٹ بہت ضروری ہے،ہم نے کراچی ماس ٹرانزٹ کیلئے بہت کوششیں کیں لیکن حکومتی رکاوٹوں کے باعث ماس ٹرانزٹ منصوبہ شروع نہیں کیا جاسکا۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ عوام کو شامل کئے بغیر اور ان میں احساس شراکت پیدا کئے بغیر ترقی کا عمل تیز نہیں ہوسکتا لہٰذا ہم نے کراچی میں شہریوں کو بھی ترقی کے اس عمل میں شریک کیا اور ’’آئی اون کراچی‘‘ پروگرام شروع کیا۔کراچی کی ترقی پوری دنیا کیلئے ایک رول ماڈل ہے کہ اگر نیک نیتی اور کمٹمنٹ ہوتو نامساعد حالات میں بھی شہروں اور ملک کو ترقی دی جاسکتی ہے۔انہوں نے مقامی حکومتوں کے نظام کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ مقامی حکومتیں قائم کی جائیں اور انہیں خودمختار بنایا جائے تو شہروں میں ترقی ہوگی اور کراچی کی ترقی اس کیلئے ایک مثال ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں فیوڈل سسٹم رائج ہے جو ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے،ترقی کیلئے فیوڈل سسٹم کا خاتمہ اور مڈل کلاس آگے آنا ضروری ہے۔مصطفیٰ کمال نے اس موقع پر حاظرین کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیے۔قبل ازیں ورلڈ بینک کی ڈائریکٹر برائے مشرق وسطیٰ اوراسٹیٹ بینک آف پاکستان کی سابق گورنر محترمہ شمشاد اختر نے اپنے خیر مقدمی کلمات میں سابق سٹی ناظم کے دور میں کئے جانے والے ترقیاتی کاموں کو مثالی قرار دیا اور ان کے وژن کی تعریف کی۔ورلڈ بینک کی مینیجر جولیا بکنل (Julia Bucknal ) نے اختتامی کلمات ادا کئے اور ورلڈ بینک کی دعوت پر تشریف لانے پر مصطفیٰ کمال کا شکریہ ادا کیا۔

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیکر مہنگائی کا خاتمہ ممکن بنایا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔6 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور ملک کے غریب عوام کو ریلیف دیا جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ غریب عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اثر بھی براہ راست عوام پر پڑ رہا ہے جس نے غریب شہریوں سے زندہ رہنے کا حق بھی چھین لیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب حکومت مہنگائی کو ختم کرنے کیلئے بڑے بڑے دعویٰ کررہی ہے اور عوام دوست بجٹ لانے کے وعدے کیے جارہے جبکہ دوسری جانب پیٹرولیم مصنوعات سمیت بجلی اور گیس کے نرخوں میں ہر ماہ تیزی سے اضافہ کردیا جاتا ہے جس سے روزمرہ استعمال کی اشیاء خورد ونوش عوام کی پہنچ سے باہر ہوکر رہ گئی ہیں اور غریب عوام فاقہ کشی پر مجبور ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکومتی غلط فیصلوں کے باعث ملک میں مہنگائی کی شرح 400 فیصد سے بھی تجاویز کرچکی ہے جس نے عوام کی کمر توڑ دی ہے جس کے باعث غریب عوام مہنگائی سے تنگ آکر نہ صرف اپنے بچوں سمیت خودکشیاں کررہے ہیں بلکہ بچوں کو فروخت کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور مہنگائی پر قابو پانے کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں فی الفور کمی کی جائے اور اس کے نتیجے میں بڑھنے والی ہوشربا ءمہنگائی کو ختم کیا جائے۔

## متحدہ لائرز فورم جلد کنونشن منعقد کرے گا۔مبین الدین قاضی ایڈوکیٹ انچارج ایم ایل ایف کی مختلف وکلاء وفود سے ملاقاتیں

لاہور۔۔۔6 مئی 2010ء

متحدہ لائرز فورم کے انچارج مبین الدین قاضی ایڈوکیٹ نے کہا ہے کہ بہت جلد لاہور میں متحدہ لائرز فورم کے زیراہتمام وکلاء کنونشن منعقد کیا جائے گا جس میں مختلف اضلاع سے وکلاء شرکت کریں گے۔آج لاہور میں متحدہ لائرز فورم کے آفس میں وکلاء کے مختلف وفود نے ایم ایل ایف کے انچارج سے ملاقاتیں کیں اور ایم کیوایم کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے اتفاق کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم کا ساتھ دینے کا اعلان کیا،مبین الدین قاضی ایڈوکیٹ نے کہا کہ ساتھیوں کی شمولیت کا باقاعدہ اعلان کنونشن میں کیا جائے گا مختلف اضلاع کے وفود اور وکلاء گروپس سے اظہار خیال کرتے ہوئے مبین الدین قاضی نے کہا کہ پنجاب کے عوام ایم کیوایم کنونشن کے بعد قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فلسفہ کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور تیزی سے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں،اس سلسلے میں روزانہ رکنیت سازی جاری ہے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل کی ایکسپریس نیوز کے بیورو چیف جنید خانزادہ سے ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت

حیدرآباد۔۔۔6 مئی 2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحیدرآباد کے سابق ناظم کنور نوید جمیل نے ایکسپریس نیوز چینل واخبار حیدرآباد کے بیورو چیف جنید خانزادہ کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اوران کی رہائشگاہ جاکر جنید خانزادہ سے ملاقات کی اوراپنی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مرحومہ کے سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ وہ کچھ دیر وہاں رہے اورانہوں نے مرحومہ کی مغفرت،ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## نہ دھمکیوں سے ڈرتے ہے نہ کوئی خوف وخطرہ ہے
## قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو پنجاب میں عام کریں گے۔پاسبان گروپ

لاہور۔۔۔6 مئی 2010ء

پاسبان تنظیم کے سابق جنرل سیکرٹری اعظم دانیال اوران کے ساتھیوں لیاقت پٹھان،شفیق چوہدری،سعید شاہ،سجاد اعوان اور عرفان صدیقی نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کے بعد ایم کیوایم لاہور ڈسٹرکٹ کے انچارج سید شاہین انور گیلانی کی زیرصدارت ایک اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نہ تو دھمکیوں سے ڈرتے ہیں اور نہ ہی ہمیں کوئی خوف وخطرہ ہے،انہوں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آج پنجاب کے مظلوم،غریب اور محروم عوام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی ضرورت ہے اور ہم پنجاب کے لوگوں میں اس فلسفہ کو عام کریں گے اور عوامی قیادتوں کی نمائندگی کیلئے دن رات ایک کریں گے اور ہر قسم کی قربانی دیں گے۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ کے وفد کی لیبر ڈویژن سے ملاقات

کراچی۔۔۔6 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین مرکزی کمیٹی سے یونائیٹڈ ورکرز آف کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے عہدیداران اورملازمین کے ایک وفد نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کی اورانہیں ادارے کی انتظامیہ کی جانب سے غیر منصفانہ رویئے اور ملازمین کو درپیش مشکلات ومسائل سے آگاہ کیا۔یونائیٹڈ ورکر کے وفد نے کہا کہ بتایا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی میں انٹیلی جنس ونگ قائم کیا گیا جو ملازمین کو مختلف انکوائریوں کے نام پر بلاکر ہراساں کررہا ہے جبکہ اس ونگ کی جانب سے مزید ملازمین کو نوکریوں سے برطرف کرنے کیلئے لسٹیں بھی تیار ہونے کی بھی اطلاعات گردش کررہی ہیں جس سے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے محنت کشوں میں شدید خوف وہراس پایا جارہا ہے۔یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے وفد نے بتایا کہ انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ کل سے ادارے میں محنت کش وافسران انتظامیہ کے کالے قوانین کے خلاف بھرپور احتجاج ریکارڈ کرائیں گے اوراحتجاجی مہم کے پہلے مرحلے میں دو گھنٹے قلم چھوڑ احتجاج کرینگے اور بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں گے۔انچارج لیبر ڈویژن وسیم قریشی نے وفد کی گذارشات کو غور سے سنا اور وفد کو یقین دلایا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کے تمام مظلوموں کی واحد جماعت ہے اورایم کیوایم کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ملازمین کو مشکل کی اس گھڑی میں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی۔انہوں نے قلم چھوڑ ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کے غیر منصفانہ اورغیر ذمہ دارانہ اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ جبری برطرف ملازمین کی فی الفور بحالی اور ادارے انٹیلی جنس کو ختم کیا جائے۔

☆☆☆☆☆